EFU LIFE

EMBRACE WELLNESS



# SAVINGS PLAN

# EFU Life Cares About Your Wellness

Prioritizing both healthy living and wellness is crucial for living a healthy life, involving the harmony of physical, nutritional and mental health that significantly influences daily life. By encouraging healthy habits, life becomes more enjoyable, leading to enriching experiences.

Discover how you can lead a healthier life with our unique wellness program.

# EFU Life WIN - Your Path to Wellness

Introducing our groundbreaking wellness program that puts the power of managing your health and well-being right in your hands!

EFU Life WIN is a data-driven program that assists you in your journey towards living a healthier lifestyle by tracking your physical activity, monitoring your nutritional intake, challenging you to push your limits and offering rewards for accomplishing every milestone. With EFU Life WIN, we aim to empower our customers to take charge of their health, while still enjoying the peace of mind that comes from being protected by Pakistan's leading life insurance company.

EFU Life WIN is your ultimate partner in this journey to a healthier, happier you!

**It's not just insurance; it's an exhilarating adventure towards a better you!**

# Disclosure of Product

This is a life insurance product which has two distinct elements i.e., Insurance Protection and Investment. The Investment Component is linked to the performance of underlying assets under unit linked fund(s).

# Free Look Period:

If you cancel your policy within a free look period of 14 days from the date of the documents receipt, you are entitled for a full refund of premium less any expenses incurred by EFU Life in connection with our medical or clinical examinations.



dacadoo

# OUR HEALTH TECH PARTNER

Dacadoo is a Swiss technology company that specializes in supporting the digital transformation of its customers, including EFU Life through digital person-years of scientific data. Dacadoo has partnered with various life and health insurance carriers across the world and is driving the digital revolution in the health and wellness industry.



# About EFU Life WIN Savings Plan

EFU Life WIN Savings Plan not only protects your loved ones in unforeseen circumstances but also allows you to earn rewards and benefits throughout your life by maintaining a healthy lifestyle.

This product is a unit-linked investment plan, different from traditional life insurance. It allows you to invest your premiums in a fund of your choice, emphasizing your financial growth. But it doesn't stop there. With our Wellness feature, you can maximize your rewards, including short-term, medium-term, and long-term policy-linked benefits that encourage healthy living.

## This Plan Consists of Two Key Components

- Helps you in your Wellness Journey by tracking your lifestyle and rewarding healthy behavior.
- Protects your future through insurance.

### Wellness

- **EFU Life WIN App**
- **Exciting Rewards**
- **Customized Goals & Challenges**
- **Health Score**
- **Engagement tools**

+

### Protection

- **Insurance Coverage**
- **Maturity Benefits**
- **Investment & Growth**
- **Optional Riders**

## A Winning Strategy

The Wellness Wheel makes digital health engagement easier than ever. It is a wellness tool that assesses and visualizes various aspects of an individual's well-being.

Encompassing seven different dedicated areas to track a user's holistic health and offer even more personalized goals. These categories include physical health, mental well-being, physical activity, sleep, mindfulness, self-control, and nutrition.



The Wellness Wheel is used as a self-assessment tool to help individuals identify areas of their life that may require more attention or improvement. By visualizing their well-being in this way, users can set goals and track their progress in different life dimensions, aiming for a more balanced and fulfilling life.

## The Health Score

Health Score is a number between 0 and 1,000 that represents overall relative health. This science-based indicator is built on over 300 million person-years of scientific data. It increases or decreases in real-time, depending on how a user's physical health, emotional wellbeing and lifestyle change over time. The Health Score is divided into 3 categories.




After calculating the Health Score, the following ranges are provided, each corresponding to specific categories, which indicate your initial health status

| HEALTH SCORE RANGE | HEALTH SCORE CATEGORY | ACTION REQUIRED |
|---|---|---|
| 0 - 479 | Low | Needs a lot of improvement |
| 480 - 549 | Fair | |
| 550 - 609 | Good | On the right path for enhancing overall wellness |
| 610 - 679 | Very Good | |
| 680 - 1000 | Excellent Health Score | Keep up the good work! |

## Comprehensive Reward Program

EFU Life WIN offers three levels of rewards designed to motivate individuals to commit to a healthier lifestyle. These incentives promote well-being throughout the year, covering 365 days and involving various levels of rewards, starting from the first day of your WIN Membership.

You can earn points through regular tasks or physical activities like daily walks, gym workouts, cycling, etc. Additionally, points can be earned by simply engaging with EFU Life WIN App, which tracks and records your daily routines, including sleep, nutrition, and essential body information. Our app also remembers significant dates in your life and pleasantly surprises you with reward points which contribute to the improvement of your annual **WIN Status.**

| REWARD LEVELS | TARGET | REWARDS |
|---|---|---|
| **SHORT TERM REWARD** | Complete 50,000 steps Challenge.<br>or<br>Engage in 5 hours of any Physical activity with an ''elevated'' heart rate, whichever comes first. (These targets are dynamic and can change based on the user's activity level) | Voucher worth Rs. 500 on completing steps or heart rate goals.<br><br>Maximum 4 vouchers in a month. |
| **MEDIUM TERM REWARD** | Customers can earn up to 100,000 points annually. These points are earned through physical activity and engagement with the app. | The customer can earn up to 100,000 points and purchase exciting rewards from our online reward store. |
| **LONG TERM REWARD** | Max up to 35% policy linked bonuses can be earned depending on the policy term & WIN status. | Based on policy term and annual WIN status achieved at policy anniversary. |

| Policy Term (Years) | Percentage of Long-Term Policy Linked Bonus based on WIN Status | | | |
|---|---|---|---|---|
| | Beginner | Mover | Achiever | Winner |
| Up to 5 Years | 0% | 4% | 8% | 20% |
| 6 to 10 Years | 0% | 5% | 13% | 25% |
| 11 to 15 Years | 0% | 6% | 18% | 30% |
| 16 to 20 Years | 0% | 7% | 23% | 35% |

# WIN Status:

The customer can progress through the four levels of EFU Life WIN Program and enjoy a variety of rewards based on how high their WIN status is. The more points you accumulate, the higher your WIN status, the greater the rewards.

| Beginner | Mover | Achiever | Winner |
|---|---|---|---|
| < 50,000 Points | 50,000 Points | 70,000 Points | 85,000 Points |

Your WIN status will be locked after a year. To keep you engaged and motivated year after year, your WIN status begins at the Beginner level, and your points reset to zero at the start of every policy year.

# EFU LIFE WIN POINTS YOU CAN EARN IN A YEAR

| | |
|---|---|
| Lifestyle Points | Physical Health Points |
| Mind Points | Surprise Points |

# CUSTOMER WELLNESS JOURNEY

**Step 1**
Download EFU Life WIN app and sign up

**Step 2**
Pair your fitness wearable to the app

**Step 3**
Complete the Health Assessment to obtain your Health Score


**Step 4**
Set goals and participate in challenges

**Step 5**
Earn points to upgrade your WIN Status

**Step 6**
Redeem points or vouchers for exciting rewards!

## Supported Devices

Physical activities can be tracked through wearable devices. You can sync any of your wearable devices, such as Samsung Gear, Apple Watch, Fitbit, Garmin, Xiaomi, Infinix, Zero, etc., smartwatches, to the app.




DOWNLOAD ON THE Google Play

GET IN ON App Store

## About Unit Linked Savings Plan

## Important Details

| | |
|---|---|
| Eligible Age | 18 to 65 years |
| Minimum & Maximum Plan Term | 10 to 40 years |
| Maximum age at Maturity | 75 Years |
| Minimum Premium | PKR. 250,000 per annum |
| Fund Acceleration Plan | Minimum: PKR. 50,000 |
| Payment Mode | Annual |
| Protection Multiples | 5-50 (depending on the age of the policyholder at entry) |
| Short Term | Up to 24,000 annually |
| Medium Term | Up to 10,000 annually |
| Long Term | Up to 35% annual bonus based on policy term & annual statuses |

## Death Benefits:

The unfortunate demise of the policyholder (insured person) allows the nominated beneficiaries to receive the death benefit as given:

- **Till age 55**
  Sum assured of the Main Plan + Cash value of units applicable to regular basic plan premium +Cash value of units applicable against Fund Acceleration Premium (FAP) payments (if any)
- **Age 56 and above**
  Sum assured of the main plan OR Cash value of the units applicable to the regular basic plan premium (whichever is higher) Plus Cash value of the units applicable against Fund Acceleration Premium (FAP) payments (if any)

## Maturity Benefits:

At the end of the Policy Term, the maturity benefit payable will be:

- The Total Cash Value of the units allocated against the basic plan premium.
  **plus**
- The Cash Value of units allocation against FAP (if any)

# Optional Benefits

| | |
|---|---|
| **Accidental Death Benefit:*** If death occurs due to accident; this benefit provides an additional lumpsum benefit | **Accidental Death and Disability Benefit:*** This rider provides an additional lump sum benefit in case of accidental death or disability. |
| **Additional Term Assurance:** This rider increases the level of life cover by providing an additional amount in the range of 50% to 200% of the Main Plan Sum Assured, in case of death of the Life Assured. | **Accidental Death and Disability Benefit Plus:*** This rider provides an additional lump sum benefit in case of an accidental death or disability (permanent & total) that makes you permanently disabled. |
| **Waiver of Premium:** In case the life assured is unable to follow any occupation due to the sickness or accident, the premium would be paid by EFU Life. | **Family Income Benefit:** This benefit ensures that a monthly income is paid to the family in case of an unfortunate death of the policy holder (insured person) during the plan term. |

***Any one accidental benefit can be selected.**

## Fund Acceleration Premium:

If you have surplus cash available at any point of time during the plan term, it can be invested in the plan to enhance your cash value. These additional payments in the plan are called Fund Acceleration Premium payments. You can make these payments at any time while the policy is in force.  The minimum FAP payment is Rs. 50,000.

## Partial Surrender:

Without surrendering your policy, you can withdraw any amount from your cash value to meet a sudden need. Partial Surrender is allowed subject to residual value of Rs. 250,000.

## Complete Surrender:

You may surrender your plan after the 2nd year's premium is paid. At the time of surrender, you will be paid the full cash value of your fund. However, surrender in early policy years may result in lower cash value.

## Indexation:

This option gives you the security and peace of mind of knowing that the benefits provided by your plan will be automatically updated in line with inflation every year regardless of your health. Once you select this option, the premium will increase every year by 5% of the prior year's premium.

## Units Allocation

The proportion of basic plan allocated to investment is as shown in table:

| Policy Year | Unit Allocation | Allocation charges* |
|---|---|---|
| 1 | 60% | 40% |
| 2 | 80% | 20% |
| 3 | 90% | 10% |
| 4 | 95% | 5% |
| 5 and onwards | 100% | 0% |

***An allocation charge will be deducted from the Paid Premium every year as per the above table and the remainder will be allocated to the customer's account value.**

**FAP Allocation 100%**

## Sum Assured:

This is the amount payable on the unfortunate event of death of the policy holder/life assured. This is equal to the Regular Basic Plan Premium times the protection multiple selected by the policy holder.

The Protection Multiple is subject to limits dependent on the age at commencement. Refer to the table below for further details:

| Age | Protection Multiple |
|---|---|
| 18 – 35 | 5 to 50 |
| 36 – 40 | 5 to 40 |
| 41 – 49 | 5 to 30 |
| 50 – 60 | 5 to 10 |
| 61 – 65 | 5 |

## Opportunity for Growth:

Every premium paid towards the plan will be invested in one of the internal investment funds of EFU Life. It is completely your decision to choose the internal fund based on your investment objectives. You can select from the following unit funds mentioned below:

All available funds are categorized with their risk profiling as per the investment criteria.



| Funds | |
|---|---|
| **EFU Managed Growth Fund** | **EFU Guaranteed Growth Fund*** |
| **Fund Categorization: Balanced** | **Fund Catagorization: Money Market Fund** |
| **Risk Profile: Medium** | **Risk Profile: Low** |
| An investment fund with a balanced investment strategy. It aims to achieve reasonable capital growth and steady returns with investment in government securities, carefully selected blue chip equities, and other fixed income securities and cash. | An investment fund providing steady returns with a guarantee that the bid price of the fund will never fail. It aims to achieve stable growth through investment in short term debt securities. |
| **EFU Income Growth Fund*** | **EFU Agressive Fund** |
| **Fund Categorization: Income Fund** | **Fund Categorization: Aggressive** |
| **Risk Profile: Low** | **Risk Profile: High** |
| Investment fund providing steady returns. It aims to achieve consistent capital growth with investment in government securities. | An investment fund with the aim of investing the equities providing a higher rate of return. It aims to maximize capital growth by using investments with an aggressive investment strategy. |

*Guaranteed Growth Fund to be selected by default

## Multiple Fund Options:

Under this option you have a facility to select a mix of two unit linked funds of the plan. Fund mix can be selected in multiples of 10%. It means that the funds split can be of 90/10, 80/20, 70/30, 60/40 or 50/50.:

## Charges:

| Charges | Rate / PKR |
|---|---|
| Administration charge | 250,000 to 499,999: PKR 1,500/- per annum<br>500,000 to 999,999: PKR 2,250/- per annum<br>1 million and above: PKR 3,000/- per annum |
| Bid/Offer Spread | 5% of the net regular premium |
| Investment Management Charge | 1.5% per annum |
| Fund Switching Fee | PKR 500 |
| Surrender Processing Fee | PKR 500 |
| Surrender Charge | 100% for the first two year |
| Mortality Charge (Cost of Insurance) | An age-based mortality charge applies for the life insurance risk each year and is dependent on the sum at risk. No mortality charges apply in years where the cash value exceeds sum assured. |

## Wellness Charge:

| Charge | Rate / PKR |
|---|---|
| Wellness Annual Charge | PKR 6,000 per annum |

## Automatic Non-Forfeiture Option:

If premium payments are stopped due to any reason after paying two full years' premiums, the Company will keep the basic policy in force for a period of one year from the date of the first unpaid premium. During this one-year period, the Company will cancel enough units to pay for the cost of maintaining the cover and for administration. At the end of this period, if the policy still has a cash value, it will be converted to a "Paid-up" policy. In such a case, no further premiums would be payable and the amount payable on death or maturity will be equal to the Cash Value of the policy. At each policy anniversary, the Company will cancel enough units to pay for the administration charge of maintaining the policy.

## A Complete and Exciting Proposition

"EFU Life WIN" presents a holistic solution that seamlessly blends the dependability of traditional insurance with the excitement of embracing well-being. With us, you're not only securing your future but also commencing an exciting journey towards a more robust and lively life. It's a domain where your health and personal advancement sync with an enticing offering.

## Disclaimer

- This product is underwritten by EFU Life Assurance Ltd. It is not guaranteed or insured by Bank Alfalah or its affiliates and is not a Bank Alfalah product. * EFU Life Assurance Ltd will be responsible for settlements of claims to the insured customer(s) or beneficiary(ies).
- Bank Alfalah is acting as a distributor/corporate insurance agent on behalf of EFU Life Assurance Ltd and is not and shall not be held responsible in any manner whatsoever to any person, including but not limited to the insured customer(s), beneficiary (ies) or any third party.
- The investment risk of the fund is borne by the policyholder (insured person) and actual maturity or surrender values may be lower or higher than the projected figures.
- The past performance of funds is not necessarily a guide to future performance. Any forecast made is not necessarily indicative of future or likely performance of the funds and neither EFU Life Assurance Ltd nor Bank Alfalah will incur any liability for the same.
- A personalized illustration of benefits will be provided to you by our sales representative. Please refer to the notes in the illustration for detailed understanding of the various terms and conditions.
- Service charges and taxes will be applicable as per the Bank's "Schedule of Charges" and taxation laws as stipulated by the relevant authorities.
- This product brochure gives a general outline of the product features and benefits. A description of how the contract works is given in the policy provisions and conditions..



EFU LIFE

EMBRACE WELLNESS



# سیونگز پلان

## EFU لائف آپ کی صحت وتندرستی کا محافظ

صحت مند زندگی گزارنا اور اپنی فلاح و بہبود کا خیال رکھنا دونوں انتہائی اہم ہیں جس میں جسمانی، غذائی اور ذہنی صحت کا توازن شامل ہے، جو آپ کی روزمرہ زندگی پر گہرا اثر ڈالتا ہے۔ جب ہم صحت مند عادات اپناتے ہیں، تو زندگی زیادہ خوشگوار اور تجربات زیادہ خوبصورت بن جاتے ہیں۔

ہمارے خصوصی ویلنیس پروگرام کے ذریعے جانیں کہ آپ کیسے اپنی زندگی کو مزید صحت مند بنا سکتے ہیں۔

## EFU لائف WIN - آپ کی فلاح و بہبود کا راستہ

ہم آپ کے لئے ایک نیا اور بہترین ویلنس پروگرام متعارف کرا رہے ہیں جو آپ کی صحت اور فلاح و بہبود کا خیال رکھنے کا اختیار آپ کو دیتا ہے!
EFU لائف WIN ایک ایسا پروگرام ہے جو آپ کے صحت مند طرزِ زندگی کے سفر میں آپ کی معاونت کرتا ہے اور آپ کی جسمانی سرگرمیوں کو مانیٹر کرتا ہے، آپ کی غذائی عادات کو جانچتا ہے، اور آپ کو اپنی حد سے تجاوز کرنے کا چیلنج دیتا ہے، جس میں ہر کامیابی پر آپ کو ریوارڈز بھی ملتے ہیں۔ EFU لائف WIN کے ذریعے ہمارا مقصد اپنے صارفین کو با اختیار بنانا ہے تاکہ وہ اپنی صحت کو خود بہتر بنانے کا موقع دیں، اس کے ساتھ ہی آپ کو پاکستان کی معروف انشورنس کمپنی کے تحفظ کا اطمینان بھی حاصل رہتا ہے۔

EFU لائف WIN آپ کو ایک صحت مند اور خوشحال زندگی کی جانب مائل کرنے میں آپ کا بہترین ساتھی ہے!

**یہ صرف انشورنس نہیں ہے؛ یہ ایک بہتر اور صحت مند زندگی کی جانب ایک دلچسپ سفر ہے!**

## پروڈکٹ کا انکشاف:

یہ ایک لائف انشورنس پروڈکٹ ہے جس میں دو مختلف عناصر شامل ہیں: انشورنس پروٹیکشن اور سرمایہ کاری۔ سرمایہ کاری کا حصہ یونٹ سے منسلک فنڈز کے تحت بنیادی اثاثوں کی کارکردگی کی بنیاد پر ہے۔

## فری لک پیریڈ:

اگر آپ دستاویزات کی وصولی کی تاریخ سے 14 دن کے فری لک پیریڈ کے اندر اپنی پالیسی منسوخ کرتے ہیں، تو EFU Life کی جانب سے طبی یا کلینکل معائنوں سے متعلقہ اخراجات تفریق کرنے کے بعد آپ پریمیم کی مکمل رقم واپسی کے حقدار ہوں گے۔



dacadoo

# ہمارا ہیلتھ ٹیک

# پارٹنر

Dacadoo ایک سوئس ٹیکنالوجی کمپنی ہے جو اپنے صارفین، بشمول EFU لائف کی ڈیجیٹل تبدیلی کی معاونت میں مہارت رکھتی ہے، جو سائنسی ڈیٹا کے ڈیجیٹل شخصی سالوں کے ذریعے ہوتی ہے۔ Dacadoo نے دنیا بھر میں متعدد لائف اور ہیلتھ انشورنس کمپنیز کے ساتھ شراکت داری کی ہے اور صحت اور بہبود کے شعبے میں ڈیجیٹل انقلاب لا رہا ہے۔



## EFU لائف WIN سیونگز پلان سے متعلق

EFU لائف WIN سیونگز پلان نہ صرف آپ کے پیاروں کی غیر متوقع حالات میں تحفظ دیتا ہے بلکہ آپ کو ایک صحت مند طرزِ زندگی برقرار رکھنے کے ذریعے زندگی بھر ریوارڈز اور فوائد حاصل کرنے کا موقع بھی فراہم کرتا ہے۔

یہ پروڈکٹ یونٹ سے منسلک سرمایہ کاری منصوبہ ہے، جو روایتی لائف انشورنس سے مختلف ہے۔ یہ آپ کو آپ کی مرضی کے فنڈ میں اپنے پریمیمز کی سرمایہ کاری کرنے کا موقع دیتا ہے، تاکہ آپ کی مالی ترقی میں اضافہ ہو۔ لیکن صرف یہی نہیں، ہمارے ویلنیس فیچر کے ساتھ، آپ اپنے ریوارڈز کو زیادہ سے زیادہ کر سکتے ہیں، بشمول قلیل مدتی، وسط مدتی، اور طویل مدتی پالیسی سے منسلک فوائد جو صحت مند زندگی کو فروغ دیتے ہیں۔

## یہ پلان 2 اہم حصوں پر مشتمل ہے

- آپ کی طرزِ زندگی سے واقفیت حاصل کر کے صحت مند رویے کی حوصلہ افزائی کے ذریعے آپ کے صحت مند سفر میں معاونت کرتا ہے۔
- انشورنس کے ذریعے آپ کے مستقبل کی حفاظت کرتا ہے۔

### ویلنیس

- EFU لائف WIN ایپ
زبردست ریوارڈز
- کسٹمائزڈ اہداف اور چیلنجز
- ہیلتھ اسکور
- انگیجمنٹ ٹولز

+

### پروٹیکشن

- انشورنس کوریج
- میچوریٹی کے فوائد
- سرمایہ کاری اور گروتھ
- اختیاری رائڈرز

## ایک فاتح حکمت عملی

ویلنس وہیل ڈیجیٹل صحت کی شمولیت کو پہلے سے کہیں زیادہ آسان بنا دیتا ہے۔ یہ ایک جدید صحت کا ٹول ہے جو ایک فرد کی فلاح و بہبود کے مختلف پہلوؤں کا تجزیہ کرتا ہے اور انہیں بصری انداز میں پیش کرتا ہے۔




یہ سات مخصوص عناصر کا احاطہ کرتا ہے جو صارف کی جامع صحت کی نگرانی میں مددگار ثابت ہوتے ہیں اور مزید ذاتی نوعیت کے اہداف فراہم کرتے ہیں۔ ان کیٹگریز میں جسمانی صحت، ذہنی صحت، جسمانی سرگرمی، نیند، ذہن سازی، خود پر قابو، اور غذائیت شامل ہیں۔

ویلنس وھیل ایک خود تشخیصی ٹول کے طور پر استعمال ہوتا ہے جو افراد کو اُن کی زندگی کے اُن پہلوؤں کی نشاندہی کرنے میں مدد کرتا ہے جن پر مزید توجہ یا بہتری کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس طریقے سے اپنی فلاح و بہبود کو خود ڈیجیٹل انداز میں دیکھ کر، صارفین اپنے اہداف طے کر سکتے ہیں اور زندگی کے مختلف پہلوؤں میں بہتری کی جانب گامزن ہو سکتے ہیں، جس کا مقصد ایک زیادہ متوازن اور اطمینان بخش زندگی کا حصول ہے۔

## ہیلتھ اسکور

ہیلتھ اسکور 0 سے 1,000 کے درمیان ایک عدد ہے جو مجموعی طور پر صحت کی نمائندگی کرتا ہے۔ یہ سائنسی بنیادوں پر تیار کیا گیا پیمانہ ہے جو 300 ملین سے زائد انسانی سالوں پر مبنی سائنسی ڈیٹا سے اخذ کیا گیا ہے۔ یہ ریئل ٹائم میں بڑھتا یا کم ہوتا ہے، جو اس بات پر منحصر ہے کہ صارف کی جسمانی صحت، جذباتی خوشحالی، اور طرزِ زندگی میں وقت کے ساتھ کیسا فرق آتا ہے۔ ہیلتھ اسکور کو 3 کیٹگریز میں تقسیم کیا گیا ہے۔




ہیلتھ اسکور کا حساب لگانے کے بعد درج ذیل رینج پیش کی جاتی ہیں،
جو مخصوص کیٹگریز کے مطابق ہوتی ہیں اور آپ کی ابتدائی صحت کی صورتِ حال کی نشاندہی کرتی ہیں۔

| ہیلتھ اسکور رینج | ہیلتھ اسکور کیٹگری | ضروری درکار عمل |
|---|---|---|
| 0 - 479 | کم درجے پر | بہت زیادہ بہتری کی ضرورت ہے |
| 480 - 549 | بہتر | |
| 550 - 609 | اچھا | مجموعی صحت وتندرستی کے لئے درست راہ پر |
| 610 - 679 | بہت اچھا | |
| 680 - 1000 | بہترین ہیلتھ اسکور | اچھی طرزِ زندگی کو جاری رکھیں! |

## جامع ریوارڈ پروگرام

EFU Life WIN ریوارڈز کے 3 درجے پیش کرتا ہے جو افراد کو صحت مند طرزِ زندگی اپنانے کی ترغیب دینے کے لیے تیار کی گئی ہیں۔ یہ محرکات سال بھر، یعنی 365 دنوں تک، فلاح و بہبود کو فروغ دیتے ہیں اور ریوارڈز کے متعدد درجات کا احاطہ کرتے ہیں، جن کا آغاز آپ کی WIN ممبرشپ کے پہلے دن سے ہی ہو جاتا ہے۔

آپ روزمرہ کے کاموں یا جسمانی سرگرمیوں جیسے روزانہ کی چہل قدمی، جم کی ورزش، سائیکلنگ وغیرہ کے ذریعے پوائنٹس حاصل کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ، آپ EFU Life WIN ایپ کے ساتھ صرف مصروفِ عمل ہونے کے ذریعے بھی پوائنٹس حاصل کر سکتے ہیں، جو آپ کے روزمرہ کے معمولات، بشمول نیند، غذا، اور جسم کی اہم معلومات کو ٹریک اور ریکارڈ کرتی ہے۔ ہماری ایپ آپ کی زندگی کی اہم تاریخوں کو بھی یاد رکھتی ہے اور آپ کو ریوارڈز پوائنٹس دے کر خوشگوار طور پر سرپرائز دیتی ہے، جو آپ کی سالانہ WIN Status کو بہتر بنانے میں مدد دیتی ہیں۔

| ریوارڈ کے لیولز | ٹارگٹ | ریوارڈز |
| --- | --- | --- |
| قلیل مدتی ریوارڈز | 50,000اسٹپس کی تکمیل کا چیلنج<br>یا<br>5 گھنٹے کسی بھی جسمانی سرگرمی میں مصروفِ عمل رہیں جس میں آپ کی دل کی دھڑکن تیز ہو، جو بھی پہلے مکمل ہو۔ (یہ اہداف صارف کی سرگرمی کی نوعیت کی بنیاد پر تبدیل ہو سکتے ہیں) | اسٹپس کی تکمیل یا دل کی دھڑکن تیزی کے ہدف کے حصول پر 500 روپے کا واؤچر۔<br>ایک ماہ میں زیادہ سے زیادہ 4 واؤچرز |
| درمیانی مدت کے ریوارڈز | صارفین سالانہ 100,000 تک پوائنٹس حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ پوائنٹس بذریعہ جسمانی سرگرمی اور ایپ کے ساتھ مصروفِ عمل رہنے سے حاصل کئے جا سکتے ہیں۔ | صارف 100,000 پوائنٹس تک حاصل کر سکتا ہے اور ہمارے آن لائن ریواڈز اسٹور سے زبردست ریوارڈز خرید سکتا ہے۔ |
| طویل مدتی ریوارڈز | زیادہ سے زیادہ 25 فیصد پالیسی سے منسلکہ بونس حاصل کیے جا سکتے ہیں جس کا انحصار پالیسی کی مدت اور WIN Status پر ہے۔ | پالیسی کی مدت اور سالانہ WIN Status کی بنیاد پر جو پالیسی اینیورسری پر حاصل ہو۔ |

| پالیسی کی مدت (سالوں میں) | WIN Status کی بنیاد پر طویل مدتی پالیسی سے منسلکہ بونس کی فیصد | | | |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| | بگنر | موور | اچیور | ونر |
| 5 سال تک | 0% | 4% | 8% | 20% |
| 6 سے 10 سال | 0% | 5% | 13% | 25% |
| 11 سے 15 سال | 0% | 6% | 18% | 30% |
| 16 سے 20 سال | 0% | 7% | 23% | 35% |

## WIN Status

صارف EFU Life WIN پروگرام کے 4 لیولز میں آگے بڑھ کر سکتا ہے اور اپنے WIN Status کی بنیاد پر مختلف ریوارڈز حاصل کر سکتا ہے۔ آپ جتنے زیادہ پوائنٹس جمع کریں گے، آپ کا WIN Status اتنا ہی بلند ہوگا، اور ریوارڈز بھی اتنا زیادہ ہوگا۔

| بگنر | موور | اچیور | ونر |
| --- | --- | --- | --- |
| 50,000 پوائنٹس سے کم | 50,000 پوائنٹس | 70,000 پوائنٹس | 85,000 پوائنٹس |

آپ کا WIN Status ایک سال بعد لاک کر دیا جائے گا۔ ایک سال بعد آپ کو مصروفِ عمل اور آمادہ رکھنے پر آپ کے WIN Status کی ابتدائی سطح سے کا آغاز ہوتا ہے اور ہر پالیسی سال کے آغاز پر آپ کے پوائنٹس 0 پر سیٹ ہو جاتے ہیں۔

# EFU LIFE WIN پوائنٹس
## جو آپ ایک سال میں حاصل کرسکتے ہیں

طرزِ زندگی کے پوائنٹس

جسمانی صحت کے پوائنٹس

ذہنی صحت کے پوائنٹس

سرپرائز پوائنٹس

## صارف کی صحت وتندرستی کا سفر

مرحلہ نمبر 1
EFU Life WIN ایپ
ڈاؤن لوڈ کریں اور sign up کریں


مرحلہ نمبر 2
فٹنس کو پیئر کریں جو ایپ
کے لئے wearable ہو

مرحلہ نمبر 3
اپنا ہیلتھ اسکور حاصل کرنے
کے لئے صحت کا تجزیہ مکمل کریں

مرحلہ نمبر 4
اپنے اہداف مقرر کریں
اور چیلنجز میں حصہ لیں

مرحلہ نمبر 5
اپنے WIN Status کو اپ گریڈ
کرنے کے لئے پوائنٹس حاصل کریں

مرحلہ نمبر 6
زبردست ریوارڈز کے حصول کے لئے
اپنے پوائنٹس یا واؤچرز استعمال کریں




### متعلقہ ڈیوائسز

جسمانی سرگرمیوں کا جائزہ پہننے والی ڈیوائسز کے ذریعے کیا جاسکتا ہے۔ آپ پہننے والی کوئی بھی 4 ڈیوائسز کو ایپ کے ساتھ sync کرسکتے ہیں، جیسا کہ Garmin, Fitbit, Apple Watch, Samsung Gear, Zero, Infinix, Xiaomi, یا اسمارٹ واچز۔

تمام متعلقہ ڈیوائسز کی فہرست پالیسی دستاویزات میں موجود ہے۔

DOWNLOAD ON THE Google Play

GET IN ON App Store

## یونٹ سے منسلکہ سیونگز پلان سے متعلق

### اہم تفصیلات

| | | |
|---|---|---|
| | عمر کی اہلیت | 18 سے 65 سال |
| | کم از کم اور زیادہ سے زیادہ پلان کی مدت | 10 سے 40 سال |
| | میچوریٹی کے وقت زیادہ سے زیادہ عمر | 75 سال |
| | کم از کم پریمیئم | سالانہ 250,000 روپے |
| | فنڈ ایکسلیریشن پلان | کم از کم: 50,000 روپے |
| | ادائیگی کا طریقہ کار | سالانہ بنیاد پر |
| | پروٹیکشن ملٹپلز | 5 سے 50 (پالیسی کی شروعات کے وقت پالیسی ہولڈر کی عمر پر منحصر) |
| | قلیل مدت | سالانہ 24,000 تک |
| | درمیانی مدت | سالانہ 10,000 تک |
| | طویل مدتی | پالیسی کی مدت اور سالانہ اسٹیٹس کی بنیاد پر 35 فیصد تک سالانہ بونس |

## وفات کی صورت میں فوائد:

پالیسی ہولڈر (انشورڈ فرد) کی خدانخواستہ وفات ہونے کی صورت میں نامزد افراد کو درج ذیل بینیفٹس حاصل ہوں گے:

- عمر 55 سال تک:

بنیادی پلان کی انشورنس رقم + ریگولر بیسک پلان پریمیم پر لاگو یونٹس کی کیش ویلیو + فنڈ ایکسلریشن پریمیم (FAP) کی ادائیگیوں کے مطابق یونٹس کی کیش ویلیو (اگر کوئی ہو)

- عمر 56 سال اور اس سے زائد:

بنیادی پلان کی انشورنس رقم یا ریگولر بیسک پلان کی پریمیم کے مطابق یونٹس کی کیش ویلیو (جو بھی زائد ہو) + فنڈ ایکسلریشن پریمیم (FAP) کی ادائیگیوں کے مطابق یونٹس کی کیش ویلیو (اگر کوئی ہو)

## میچورٹی فوائد:

- پالیسی کی مدت ختم ہونے پر، قابل ادائیگی میچورٹی فوائد درج ذیل ہوں گے:
- بیسک پلان پریمیم کی مد میں مختص کردہ یونٹس کی مجموعی کیش ویلیو۔

مزید برآں،

- فنڈ ایکسلریشن پریمیم (FAP) کی مد میں مختص کردہ یونٹس کی کیش ویلیو (اگر کوئی ہو)۔

## اختیاری فوائد

### حادثاتی موت کا بینیفٹ:*
اگر موت کسی حادثے کے باعث ہو؛
تو یہ فائدہ اضافی یکمشت
رقم فراہم کرتا ہے۔

### حادثاتی موت اور معذوری کا فائدہ:*
یہ رائڈر حادثاتی موت یا معذوری کی
صورت میں اضافی یکمشت
رقم فراہم کرتا ہے۔

### اضافی ٹرم اشورنس:
یہ رائڈر زندگی کی کوریج کو بڑھاتا ہے اور انشورڈ فرد کی وفات کی
صورت میں بنیادی پلان کی انشورنس رقم کی 50 فیصد سے
200 فیصد تک اضافی رقم فراہم کرتا ہے۔

### حادثاتی موت اور معذوری کا فائدہ پلس:*
یہ رائڈر حادثاتی موت یا معذوری (مکمل اور مستقل)،
جو آپ کو مستقل معذور بنا دے، کی صورت میں
اضافی یکمشت رقم فراہم کرتا ہے۔

### پریمیم کی چھوٹ:
اگر انشورڈ فرد بیماری یا حادثے کی وجہ سے کسی بھی پیشے کو
جاری رکھنے سے قاصر ہو، تو پریمیم کی ادائیگی EFU Life
کے ذریعے کی جائے گی۔

### فیملی انکم بینیفٹ:
یہ فائدہ اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ پالیسی ہولڈر
(انشورڈ فرد) کی موت کی صورت میں پلان کی مدت کے
دوران فیملی کو ماہانہ آمدنی فراہم کی جائے۔

* کسی بھی ایک ایکسیڈینٹل بینیفٹ کو منتخب کیا جاسکتا ہے۔

## فنڈ ایکسلریشن پریمیم:
اگر کسی بھی وقت پلان کی مدت کے دوران آپ کے پاس اضافی نقد رقم موجود ہے، تو اسے پلان میں سرمایہ کاری کر کے آپ کی کیش ویلیو کو بڑھایا جاسکتا ہے۔ ان اضافی ادائیگیوں کو فنڈ ایکسلریشن پریمیم کہا جاتا ہے۔ آپ یہ ادائیگیاں پالیسی کو فعال رکھتے ہوئے کسی بھی وقت کر سکتے ہیں۔ فنڈ ایکسلریشن پریمیم کی کم از کم ادائیگی 50,000 روپے ہے۔

## جزوی دستبرداری:
پالیسی سے دستبردار ہوئے بغیر، آپ کسی فوری ضرورت کو پورا کرنے کے لیے اپنی کیش ویلیو سے کوئی بھی رقم نکال سکتے ہیں۔ جزوی دستبرداری کی اس شرط کے ساتھ اجازت ہے کہ بقیہ رقم کم از کم 250,000 روپے ہو۔

## مکمل دستبرداری:
آپ دوسرے سال کی پریمیم کی ادائیگی کے بعد اپنے پلان کو منسوخ کر سکتے ہیں۔ دستبرداری کے وقت، آپ کو اپنے فنڈ کی مکمل کیش ویلیو ادا کی جائے گی۔ تاہم، ابتدائی پالیسی سالوں میں دستبرداری سے آپ کو کم کیش ویلیو مل سکتی ہے۔

### انڈیکسیشن :

یہ آپشن آپ کو اس ذہنی سکون اور تحفظ کا احساس فراہم کرتا ہے کہ آپ کے پلان کے فوائد ہر سال افراطِ زر کے مطابق خود بخود اپ ڈیٹ ہو جائیں گے، خواہ آپ کی صحت کیسی بھی ہو۔ ایک بار جب آپ یہ آپشن منتخب کر لیں، تو ہر سال پریمیم میں پچھلے سال کے پریمیم کا 5 فیصد کا اضافہ ہو جائے گا۔

### یونٹس کی تخصیص:

بنیادی پلان کا وہ تناسب جو سرمایہ کاری کے لیے مختص کیا گیا ہے، درج ذیل جدول میں دکھایا گیا ہے:

| پالیسی کا سال | یونٹ کی تخصیص | تخصیص کے چارجز* |
|---|---|---|
| 1 | 60% | 40% |
| 2 | 80% | 20% |
| 3 | 90% | 10% |
| 4 | 95% | 5% |
| 5 یا اس سے زائد | 100% | 0% |

*** ایلوکیشن چارج ہر سال ادا شدہ پریمیم سے مندرجہ بالا جدول کے مطابق منہا کیا جائے گا، اور باقی رقم صارف کے اکاؤنٹ ویلیو میں شامل کی جائے گی۔**

## انشورنس رقم:

یہ وہ رقم ہے جو پالیسی ہولڈر/ انشورڈ فرد کی وفات کی صورت میں ادا کی جاتی ہے۔ یہ رقم ریگولر بنیادی پلان پریمیم کو پالیسی ہولڈر کے منتخب کردہ پروٹیکشن ملٹیپل کے ساتھ ضرب دے کر حاصل کی جاتی ہے۔


پروٹیکشن ملٹیپل عمر کے آغاز پر مقررہ حدود کے مطابق ہے۔ مزید تفصیلات کے لیے درج ذیل جدول ملاحظہ کریں:

| عمر | پروٹیکشن ملٹیپل |
|---|---|
| 18 - 35 | 5 to 50 |
| 36 - 40 | 5 to 40 |
| 41 - 49 | 5 to 30 |
| 50 - 60 | 5 to 10 |
| 61 - 65 | 5 |

## ترقی کے مواقع:

پلان کے لیے ادا کیے گئے ہر پریمیم کی سرمایہ کاری EFU Life کے ایک انٹرنل انویسٹمنٹ فنڈ میں کی جائے گی۔ یہ مکمل طور پر آپ کے فیصلے پر منحصر ہے کہ آپ اپنی سرمایہ کاری کے اہداف کی بنیاد پر کون سا انٹرنل فنڈ منتخب کرتے ہیں۔ آپ درج ذیل یونٹ فنڈز میں سے منتخب کر سکتے ہیں:

تمام دستیاب فنڈز کو سرمایہ کاری کے معیار کے مطابق ان کی رسک پروفائلنگ کے ساتھ درجہ بندی کی گئی ہے۔



| فنڈز | |
|---|---|
| EFU مینجڈ گروتھ فنڈ | EFU گارنٹیڈ گروتھ فنڈ* |
| فنڈ کیٹیگرائزیشن: بیلنسڈ | فنڈ کیٹیگرائزیشن: منی مارکیٹ فنڈ |
| رسک پروفائل: درمیانی | رسک پروفائل: کم |
| ایک سرمایہ کاری فنڈ جو متوازن سرمایہ کاری کی حکمت عملی کے ساتھ ہے۔ اس کا مقصد حکومتی سیکیورٹیز، محتاط طور پر منتخب کردہ بلو چپ ایکوئٹی، اور دیگر مقررہ آمدنی کی سیکیورٹیز اور دیگر فکسڈ انکم سیکیورٹیز اور کیش میں سرمایہ کاری کے ذریعے معقول سرمایہ بڑھانا اور مستقل منافع حاصل کرنا ہے۔ | ایک سرمایہ کاری فنڈ جو مستقل منافع فراہم کرتا ہے اور اس کی ضمانت ہے کہ فنڈ کی بولی کی قیمت کبھی بھی کم نہیں ہوگی۔ اس کا مقصد قلیل مدتی ڈیٹ سیکیورٹیز میں سرمایہ کاری کے ذریعے مستحکم اضافہ حاصل کرنا ہے۔ |
| EFU انکم گروتھ فنڈ* | EFU ایگریسیو فنڈ |
| فنڈ کیٹیگرائزیشن: انکم فنڈ | فنڈ کیٹیگرائزیشن: ایگریسیو |
| رسک پروفائل: کم | رسک پروفائل: ہائی |
| ایک سرمایہ کاری فنڈ ہے جو مستقل منافع فراہم کرتا ہے۔ اس کا مقصد حکومتی سیکیورٹیز میں سرمایہ کاری کے ذریعے سرمائے کو مستقل بڑھانا ہے۔ | ایک سرمایہ کاری فنڈ ہے جو زیادہ منافع کی شرح فراہم کرنے والی ایکویٹیز میں سرمایہ کاری کرنے کے مقصد سے ترتیب دیا گیا ہے۔ اس کا مقصد ایگریسیو سرمایہ کاری کی حکمت عملی استعمال کرتے ہوئے سرمائے میں زیادہ سے زیادہ اضافہ کرنا ہے۔ |

## متعدد فنڈ کے اختیارات:

اس آپشن کے تحت آپ کو پلان کے دو یونٹ لنکڈ فنڈز کا مکس انتخاب کرنے کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔ فنڈ مکس 10 فیصد کے ملٹیپلز میں منتخب کیا جا سکتا ہے، یعنی فنڈز کی تقسیم کی 90/10، 80/10، 70/30، 60/40، یا 50/50 صورت میں ہوسکتی ہے۔

***ای ایف یو گارنٹیڈ گروتھ فنڈ خودکار طور پر منتخب کیا جائے گا**

## چارجز:

| چارجز | ریٹ فی روپے |
|---|---|
| انتظامی چارجز | 250,000 سے 499,999: سالانہ 1,500 روپے<br>500,000 سے 999,999: سالانہ 2,250 روپے<br>1000,000 اور اس سے زائد: سالانہ 3,000 روپے |
| بڈ/ آفر اسپریڈ | 5 فیصد |
| سرمایہ کاری کے انتظام کے چارجز | سالانہ 1.5 فیصد |
| فنڈ سے منتقلی کی فیس | 500 روپے |
| دستبرداری کی پروسیسنگ فیس | 500 روپے |
| دستبرداری کے چارجز | پہلے سال 100 فیصد |
| مورٹیلیٹی چارج (انشورنس کی قیمت) | ہر سال لائف انشورنس رسک کے لیے عمر کی بنیاد پر مورٹیلیٹی چارج لاگو ہوتا ہے اور یہ رسک میں موجود رقم پر منحصر ہوتی ہے۔ جب کیش ویلیو انشورنس رقم سے زیادہ ہو تو کوئی مورٹیلیٹی چارج لاگو نہیں ہوگا۔ |

## ویلنیس چارج:

| چارج | ریٹ فی روپے |
|---|---|
| ویلنیس سالانہ چارج | سالانہ 6,000 روپے |

## خودکار ضبط نہ ہونے کا اختیار:

اگر مکمل دو سالوں کے پریمیم ادائیگی کے بعد کسی وجہ سے پریمیم کی ادائیگی نہ ہو تو کمپنی پہلی غیر ادا شدہ پریمیم کی تاریخ سے ایک سال کے لیے بنیادی پالیسی کو فعال رکھے گی۔ اس ایک سال کی مدت کے دوران، کمپنی وہی یونٹس منسوخ کرے گی جو کوریج کے اخراجات اور انتظامی خرچ کو پورا کرنے کے لیے ضروری ہیں۔ اس مدت کے اختتام پر، اگر پالیسی کی ابھی تک کیش ویلیو موجود ہو، تو اسے ''پیڈ-اپ'' پالیسی میں تبدیل کر دیا جائے گا۔ ایسی صورت میں مزید پریمیم ادائیگی کی ضرورت نہیں ہوگی، اور وفات یا میچورٹی کی صورت میں قابلِ ادا رقم پالیسی کی کیش ویلیو کے برابر ہوگی۔ ہر پالیسی کی اینیورسری پر، کمپنی پالیسی کے انتظامی چارج کو پورا کرنے کے لیے مناسب مطلوبہ منسوخ کرے گی۔

## ایک مکمل اور زبردست پیشکش

''EFU Life WIN'' ایک جامع حل پیش کرتا ہے جو روایتی انشورنس کو صحت و تندرستی کے فروغ کے جذبے کے ساتھ ملاتا ہے۔ ہمارے ساتھ، آپ نہ صرف اپنے مستقبل کو محفوظ کر رہے ہیں بلکہ ایک مستحکم اور متحرک زندگی کی جانب ایک دلچسپ سفر کا آغاز بھی کر رہے ہیں۔ یہ ایک ایسا شعبہ ہے جہاں آپ کی صحت اور ذاتی فلاح و بہبود ایک زبردست پیشکش کے ساتھ ہم آہنگ ہوتی ہے۔

## انتباہ:

- یہ پلان ای ایف یو لائف اشورنس لمیٹڈ کا پیش کردہ پروڈکٹ ہے۔ یہ پلان بینک الفلاح یا اس سے ملحق کسی ادارے سے ضمانت کردہ یا بیمہ شدہ نہیں ہے اور نہ ہی بینک الفلاح کی پروڈکٹ ہے۔ ای ایف یو لائف اشورنس لمیٹڈ بیمہ شدہ صارف/ صارفین اور مستفید/ مستفیدان (بینفشری/ بینفشریز) کے کلیمز (دعووں) کا ذمہ دار ہوگی۔
- بینک الفلاح ای ایف یو لائف اشورنس لمیٹڈ کیطرف سے صرف ایک کارپوریٹ انشورنس ایجنٹ/ تقسیم کار کی حیثیت کام کر رہا ہے اور نہ ہی بیمہ شدہ صارف/ صارفین اور مستفید/ مستفیدان (بینفشری/ بینفشریز) یا کسی بھی تیسرے فریق کیطرف سے ذمہ دار ہوگا۔
- سرمایہ کاری میں نفع اور نقصان کی ذمہ داری بیمہ دار (پالیسی ہولڈر) کی ہے۔ یہ ممکن ہے کہ پالیسی کی میچورٹی یا دستبرداری نقد قدر (کیش ویلیو) پیشگی اندازے سے کم یا ذیادہ ہو سکتی ہے۔ منتخب شدہ فنڈ میں کی گئی تمام سرمایہ کاریاں مارکیٹ میں نقصان کی صورتِ حال پر منحصر کرتی ہیں۔ سرمایہ کاری کی کارکردگی کی صورت میں نقصان بیمہ دار (پالیسی ہولڈر) کی ذمہ داری ہوگا۔
- ضروری نہیں کہ فنڈ کی ماضی کی کارکردگی مستقبل کی کارکردگی کے لئے رہنمائی کا باعث ہو۔ کسی قسم کا پیشگی اندازہ ضروری نہیں کہ مستقبل کی ترجمانی کرے یا فنڈز کی ممکنہ کارکردگی کو بیان کرے اور فنڈز کی اچھی یا بری کارگردگی کی ذمہ داری ای ایف یو لائف اور بینک الفلاح بینک پر عائد نہیں ہوتی۔
- ہمارا سیلز کا نمائندہ آپ کو فوائد کی شخصی مثال پیش کرے گا۔ برائے مہربانی دیگر شرائط و ضوابط کو تفصیلاً سمجھنے کیلئے مثال میں بیان کی گئی باتوں کو بغور پڑھیں۔
- سروس اخراجات اور دیگر ٹیکسیز بینک کے شیڈول آف چارجز اور متعلقہ حکم سے مشروط ٹیکس قوانین کے مطابق ہونگے۔

